

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

# نیو ساؤتھ ویلز گورنمنٹ سکول میںYEAR 7 میں داخلہ

## اپنے بچے کے Year 6 کے بعد Year 7 شروع کرنے کے لیے آن لائن درخواست دیں

### آپکے بچے کا مقامی سکول

اکثر NSW گورنمنٹ سکولوں کے لیے داخلے کے علاقے معیّن ہیں لہذا ان علاقوں میں سکول کی عمر کے تمام بچے گورنمنٹ سکول – یعنی اپنے مقامی سکول - میں داخلے کے اہل ہوں گے۔

آپکے بچے کے مستقل رہائشی پتے سے طے ہوتا ہے کہ کونسا سکول آپکے بچے کا مقامی سکول ہے۔ education.nsw.gov.au/school-finder پر موجود The School Finder (سکول تلاش کرنے والا) ٹول آپکو مقامی سکول کا پتہ چلانے میں مدد دے سکتا ہے۔

NSW میں اکثر والدین اور نگران اپنے بچے کو بہترین تعلیم فراہم کرنے کے لیے اپنے مقامی سکول ہی کو چنتے ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ کا آن لائن داخلہ سسٹم ہائی سکول کے آغاز میں مدد دیتا ہے۔

مقامی سکول ہر سطح کی اہلیت کے طالبعلموں کی ضروریات پوری کرتے ہیں جن میں زیادہ صلاحیت اور قابلیت رکھنے والے طالبعلموں کو چیلنج کرنے والے پروگرام بھی شامل ہیں اور تعلیم اور مدد کی اضافی ضروریات رکھنے والے طالبعلموں کے لیے پروگرام بھی شامل ہیں۔ یہ بہت سی مختلف غیرنصابی سرگرمیاں بھی پیش کرتے ہیں۔

ایسے ملٹی کیمپس کالج پائے جاتے ہیں جن میں کئی سکول یا کیمپس ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر سکول یا کیمپس مختلف شعبوں کے لیے مخصوص ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر جونیئر کیمپس (7 Years-9 یا 7-10)، سینیئر کیمپس (10 Years-12 یا 11-12)، تعلیمی لحاظ سے مخصوص کیمپس، دونوں صنفوں کی تعلیم کے کیمپس اور ایک صنف کے لیے کیمپس۔

بعض سنٹرل سکول بھی ہیں جو کئی دیہی اور الگ تھلگ کمیونٹیوں کو Kindergarten سے لے کرYear 12 تک ایک ہی سکول کے ماحول میں تعلیم کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ کئی سنٹرل سکول ٹیکنالوجی استعمال کر کے مختلف سکولوں میں اساتذہ اور طالبعلموں کو منسلک کرتے ہیں اور اس طرح بہت سے مختلف مضامین پیش کیے جاتے ہیں۔ سنٹرل سکول بہت سی مختلف غیرنصابی سرگرمیاں بھی پیش کرتے ہیں۔

اگر آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکتے یا آن لائن درخواست دینا مناسب نہیں سمجھتے تو براہ مہربانی اس کتابچے کے صفحہ 5 پر شروع ہونے والا فارم بھریں۔ مکمل کیا ہوا فارم اپنے بچے کے پرائمری سکول کو پہنچائیں۔

مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں
education.nsw.gov.au/public-schools/going-to-a-public-school/enrolment/high-school-enrolment

NSW GOVERNMENT

# دوسرے مختلف سکول

## ہو سکتا ہے کسی وجہ سے آپ اپنے بچے کو ایسے سکول میں بھیجنا چاہتے ہوں جو آپ کا مقامی سکول نہیں ہے۔



### غیرمقامی (یا علاقے سے باہر کے) سکول

جن سکولوں کا داخلوں کا علاقہ معیّن ہو، ان میں داخلوں کی حد (کیپ) ہوتی ہے یعنی سکول کی مستقل گنجائش کی بنیاد پر داخل کیے جا سکنے والے طالبعلموں کی تعداد کی حد مقرر ہوتی ہے۔ داخلوں کی حد سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ آیا سکول غیر مقامی داخلے قبول کر سکتا ہے یا نہیں۔ داخلوں کی حد کے اندر اندر، کچھ سکول ایک مقامی داخلہ بفر لیول طے کرتے ہیں تاکہ دوران سال آنے والے مقامی طالبعلموں کے لیے نشستیں محفوظ رکھی جائیں۔

جو سکول داخلوں کی حد سے اوپر جا چکے ہوں یا اسکے قریب پہنچ رہے ہوں، وہ غیر مقامی طالبعلموں کو داخلہ نہیں دیں گے، سوائے غیرمعمولی حالات کے۔

تاہم جن سکولوں میں بفر لیول سے نیچے نشستیں دستیاب ہوں، وہ غیر مقامی طالبعلموں کو قبول کر سکتے ہیں۔

جن سکولوں میں غیر مقامی داخلوں کا تقاضا بفر سے نیچے دستیاب نشستوں کی تعداد سے زیادہ ہو، ان سکولوں کو علاقے سے باہر کے داخلوں کے لیے شرائط تشکیل دینی ہوں گی اور غیر مقامی درخواستوں پر غور کرنے والا ایک سیلیکشن پینل بنانا ہو گا۔

### سپیشلسٹ سکول

سپیشلسٹ سکول کسی خاص صلاحیت یا میلان کے حوالے سے سیکنڈری تعلیم مہیا کرتے ہیں۔ سپیشلسٹ سکول تخلیقی فنون، اداکاری/گلوکاری/رقص جیسے فنون، زبانوں، ٹیکنالوجی (جس میں بحری ٹیکنالوجی اور دیہی ٹیکنالوجی بھی شامل ہے)، زراعت اور کھیلوں کیلئے قائم کیے گئے ہیں۔

کچھ سپیشلسٹ سکولوں میں داخلے کی شرائط میں فن کا مظاہرہ یا آڈیشن بھی شامل ہو سکتا ہے۔

### امدادی کلاسیں

کچھ سیکنڈری سکولوں میں معذور طالبعلموں کی اضافی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کیلئے امدادی کلاسیں ہوتی ہیں۔ آپ کے بچے کے پرائمری سکول کا پرنسپل آپ کو آپ کے بچے کی تعلیم کیلئے درست سکول منتخب کرنے میں مدد دے گا جس کیلئے وہ آپ کے انتخاب، آپ کے بچے کی مخصوص اضافی تعلیمی ضروریات اور مقامی سپیشلسٹ اداروں سے نزدیکی جیسی باتوں کو پیش نظر رکھے گا۔

امدادی کلاس میں داخلے پر غور داخلے کی کارروائی کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

### تعلیمی لحاظ سے سیلیکٹیو (تعلیمی لیاقت کی بنیاد پرطالبعلموں کو منتخب کرنے والے) سکول

مکمل یا جزوی طور پر تعلیمی لیاقت کی بنیاد پر طالبعلموں کو منتخب کرنے والے سکولوں میں داخلے کی کارروائی تب شروع ہوتی ہے جب طالبعلمYear 5 میں ہو اور یہ داخلے کی معمول کی کارروائی سے زیادہ لمبی ہوتی ہے۔

درخواست فارم صرف آن لائن دستیاب ہے۔ براہ مہربانی نوٹ کریں کہ دیر سے ملنے والی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

تعلیمی لیاقت کی بنیاد پر طالبعلموں کو منتخب کرنے والے سکولوں کی فہرست اور ان میں داخلے کا طریق کار یہاں موجود ہے: https://education.nsw.gov.au/public-schools/selective-high-schools-and-opportunity-classes

### کم مدّت میں انگلش سکھانے والے مراکز

کم مدّت میں انگلش سکھانے والے ہائی سکولوں کا پتہ دیکھنے کیلئے یہاں دیا گیا سکول فائنڈر ٹول استعمال کریں: https://education.nsw.gov.au/school-finder

اپنے مقامی سکولوں کا نقشہ ڈھونڈنے کیلئے اپنے گھر کا پتہ یا پوسٹ کوڈ لکھیں اور "Nearby schools" پر Intensive English Centre بٹن چنیں۔

مزید معلومات کیلئے، براہ مہربانی اپنے مقامی پرائمری سکول کے پرنسپل یا اپنی پسند کے سیکنڈری سکول سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو سوالات پوچھنے کیلئے انٹرپریٹر (مترجم) کی مدد درکار ہے تو 450 131 پر **ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس** کو فون کر کے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

# اظہار دلچسپی فارم مکمل کرنا

## آپ اپنے مقامی سکول اور/یا علاقے سے باہر کے زیادہ سے زیادہ 3 سکولوں کے لیے اظہار دلچسپی فارم مکمل کر کے بتا سکتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کو کونسے سکول میں داخل کروانا پسند کریں گے

**بچے کو Year 7 میں داخل کروانے کے تین مرحلے ہیں:**

### مرحلہ 1: اپنی پسند کے گورنمنٹ سکول (یا سکولوں) میں داخلے کی درخواست کرنے کیلئے اظہار دلچسپی مکمل کریں۔

### اگلے سال کسیNSW گورنمنٹ سکول میں Year 7 میں داخلہ طلب کرنے والے تمام طالبعلموں کے والدین اور نگرانوں کو یہ فارم انگلش میں مکمل کرنا چاہیئے۔

اس وقت NSW کے گورنمنٹ پرائمری سکولوں میں داخل طالبعلموں کے سلسلے میں آپ آن لائن اظہارِ دلچسپی مکمل کر سکتے ہیں یا یہاں دیا گیا کاغذ کا فارم بھر کر اسے اپنے بچے کے پرائمری سکول کو دے دیں۔ جو طالبعلم اس وقت NSW کے گورنمنٹ پرائمری سکول میں داخل نہیں ہیں، ان کے لیے آپ آن لائن اظہارِ دلچسپی فارم مکمل کر سکتے ہیں یا یہ فارم اس NSW کے گورنمنٹ سیکنڈری سکول کو لوٹا دیں جہاں آپ اپنے بچے کو داخل کروانا چاہتے ہیں۔

**یہ ضروری ہے کہ تمام اظہار دلچسپی فارم مقررّہ تاریخ پر یا اس سے پہلے لوٹائے جائیں۔**

### مرحلہ 2: داخلے کی درخواست مکمل کریں

جب آپ کے بچے کو ایک سکول میں داخلے کی پیشکش کی جائے گی تو آپ سے **NSW گورنمنٹ سکول میں داخلے کی درخواست** مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ یہ درخواست فارم آپ کو ٹرم 2 یا ٹرم 3 میں بھیجا جائے گا۔.

درخواست آن لائن مکمل کی جا سکتی ہے یا وہ کاغذ کا فارم مکمل کریں جو آپ کو ٹرم 2 یا ٹرم 3 کے دوران بھیجا جائے گا۔

براہ مہربانی اس فارم پر تمام تفصیلات مکمل کریں اور جلد از جلد لوٹا دیں۔

آپ کی داخلے کی درخواست پر غور مکمل ہونے اور درخواست منظور ہونے کے بعد داخلے کا حتمی فیصلہ پرنسپل کرے گا۔ پرنسپل مزید معلومات کیلئے آپ سے رابطہ کر سکتا ہے۔

آپ کو ایک خط بھیج کر تصدیق کی جائے گی کہ آیا آپ کے بچے کا داخلہ منظور ہوا ہے یا نہیں۔

### مرحلہ 3: اپنے نئے سکول سے واقفیت حاصل کریں

جب آپ کو اپنے بچے کے داخلے کی تصدیق مل جائے تو یہ اہم ہے کہ آپ نئے سکول کے بارے میں معلومات حاصل کریں تاکہ اپنے بچے کو Year 7 شروع کرنے کیلئے مدد دے سکیں۔

سکول نئے طالبعلموں کی آمد کے حوالے سے انتظامات کرے گا اور اگلے سال Year 7 شروع کرنے والے طالبعلموں کیلئے ایک تعارفی دن کا انعقاد کرے گا۔ والدین اور سرپرستوں کو عام طور پر اس تعارفی دن پر آنے کی دعوت دی جاتی ہے جو نومبر کے اواخر میں رکھا جاتا ہے۔ اس سے آپ کے بچے کو سیکنڈری سکول کے اسباق اور مضامین، اساتذہ، کلاس رومز اور سکول کے طریق کار کے بارے میں جاننے میں مدد ملتی ہے اور اپنے ہم جماعتوں سے ملنے کا موقع ملتا ہے۔

آپ کا نیا سکول آپ کو تعارفی دن کی مقررہ تاریخ سے مطلع کرے گا اور یونیفارم، سکول آنے جانے کے ذرائع اور دوسری اہم باتوں کے بارے میں بھی بتائے گا۔

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر کی مدد درکار ہے تو 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کر کے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

### وہ معلومات جو آپ کے نئے سکول کو آپ کے بچے کی تعلیم اور اسے مدد دینے میں کارآمد رہیں گی

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے نئے سکول کو اپنے بچے کی تعلیم اور مدد کے ضمن میں ضروریات سے آگاہ کریں۔ یہ عین لازمی ہے کہ اگر آپ کو اپنے بچے کو کوئی الرجی یا دیگر طبی کیفیات لاحق ہونے کا علم ہے تو سکول کو بتائیں۔

اس میں علاوہ دیگر معلومات کے یہ معلومات بھی شامل ہیں کہ آیا آپ کے بچے کو انافلیکسز (خطرناک الرجک ردعمل)، دمہ، ذیابیطس یا مرگی تشخیص کی گئی ہے۔

اگر آپ کے بچے کو انافلیکسز کا خطرہ تشخیص کیا گیا ہے تو براہ مہربانی اپنے بچے کے نئے سکول کو ایک حالیہ ASCIA Action Plan for Anaphylaxis فراہم کریں جسے آپ کے بچے کے ڈاکٹر نے مکمل کر کے اس پر دستخط کیے ہوں۔

ASCIA Action Plan کے ساتھ سکول ایک ایڈرینلن آٹو انجیکٹر بھی طلب کرے گا تاکہ پلان میں واضح کیے گئے ایمرجنسی طبی اقدام میں مدد ملے۔ براہ مہربانی سکول کو فراہم کیے گئے ایڈرینلن آٹو انجیکٹر پر استعمال کی آخری تاریخ نوٹ کر لیں اور وقت سے پہلے سکول کو نیا ایڈرینلن آٹو انجیکٹر فراہم کر دیں۔

### وہ معلومات جن سے آپ کو اظہارِ دلچسپی مکمل کرنے میں مدد ملے گی

#### سیکشن A

اپنے بچے کی ذاتی تفصیلات لکھ کر **سیکشن A** میں دیے گئے اقرار نامے پر دستخط کریں۔

#### سیکشن B

**سیکشن B** آپ کے بچے کے رہائشی پتے کے لحاظ سے آپ کے معیّنہ مقامی سکول کا نام دکھاتا ہے۔ آپ کے بچے کو اپنے مقامی سکول میں داخلے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ **صرف** اپنے مقامی سکول میں داخلہ طلب کر رہے ہیں تو براہ مہربانی **سیکشن B** پر دستخط کر کے مقررّہ تاریخ تک فارم لوٹا دیں۔ اب آپ فارم مکمل کر چکے ہیں۔

اگر آپ نے تعلیمی لحاظ سے سیلیکٹیو سکول کے لیے درخواست دی ہے اور اس درخواست کے ناکام رہنے کی صورت میں آپ اپنے بچے کو مقامی سکول بھیجنا چاہیں گے تو بھی **سیکشن B** پر دستخط کریں اور تاریخ لکھیں۔

## سیکشن C

اگر آپ دوسرے اداروں میں داخلے کے خواہشمند ہیں تو براہ مہربانی **سیکشن C** میں اپنی ترجیح کی ترتیب سے تین تک سکولوں کے نام لکھیں۔

آپ یہاں داخلے کی درخواست کر سکتے ہیں:

- سپیشلسٹ سکول
- امدادی کلاس (اپنے پرائمری سکول کے پرنسپل کے مشورے سے جو مطلوبہ قسم کی امدادی کلاس کی درخواست جمع کروائے گا)
- علاقے سے باہر کا سکول۔

**براہ مہربانی متوجہ ہوں کہ سپیشلسٹ سکول اور علاقے سے باہر کے سکولوں میں داخلہ پینل داخلے کی درخواست کیلئے اضافی تقاضے کریں گے۔**

اگر آپ کو ٹھیک سے علم نہیں کہ آیا آپ کو کوئی اضافی فارم مکمل کرنے کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی اسی سکول سے رابطہ کریں جس میں آپ کو دلچسپی ہے۔

**اگر آپ علاقے سے باہر کے سکول میں داخلے کی درخواست کر رہے ہیں تو آپ کو ایک اضافی مرحلہ مکمل کرنا ہو گا۔**

**جہاں علاقے سے باہر کے داخلوں کا تقاضا اس تعداد سے بڑھ جائے جتنی تعداد داخلے کے بفر سے نیچے مہیا ہے تو سکولوں میں علاقے سے باہر کے طالبعلموں کے داخلوں کے لیے معیار ہوتے ہیں۔**

اگر آپ علاقے سے باہر کے سکول میں داخلہ طلب کر رہے ہیں تو براہ مہربانی علاقے سے باہر کے سکول میں داخلے کی وجوہ بیان کریں، مثال کے طور پر:

- بھائی یا بہن پہلے سے اس سکول میں داخل ہے
- سکول کا قریب ہونا اور سکول پہنچنے میں آسانی
- ایک صنف کے طالبعلموں کے لیے سکول کی دستیابی
- طبی وجوہ
- سکول کے اوقات سے پہلے اور بعد میں آپ کے بچے کی حفاظت اور نگرانی
- سکول میں مضامین کی دستیابی یا مضامین کے کامبی نیشنز کی دستیابی
- ہمدردی طلب حالات
- سکول کا سٹرکچر اور نظام
- مقامی داخلوں کی حدود میں تازہ تبدیلیاں

سکول کا داخلہ پینل صرف اس فارم پر دی گئی معلومات اور آپ کے فراہم کردہ دوسرے متعلقہ ثبوتوں کو مدنظر رکھے گا۔

اگر آپ کے بچے کو آپ کے ترجیح نمبر 1 سکول میں داخلے کی پیشکش نہ ملے تو آپ کے بچے کو آپ کے ترجیح نمبر 2 سکول میں داخلے کیلئے زیرغور رکھا جائے گا اور اگر ضروری ہوا تو پھر ترجیح نمبر 3 سکول کیلئے۔

اگر آپ اپنی ترجیح کے کسی سکول میں داخلہ لینے میں کامیاب نہ ہو سکیں تو سکول آپ کو مطلّع کرے گا۔ ممکن ہے سکول اظہار کرے کہ آپ کو ویٹنگ لسٹ پر رکھا گیا ہے اور اگر سیٹ مہیا ہو گئی تو آپ کو داخلے کی پیشکش کر دی جائے گی۔

اگر آپ کے بچے کو آپ کی ترجیح کے ایک سکول میں داخلے کی پیشکش مل جائے تو آپ کو اس سے نچلی ترجیح کے کسی دوسرے سکول میں داخلے کی پیشکش نہیں ملے گی۔

آپ نے جن سکولوں کیلئے درخواست کی ہو، اگر ان میں سے کسی میں داخلے کی گنجائش نہ ہو تو آپ کے بچے کو **سیکشن B** میں درج مقامی سکول میں داخلہ دیا جائے گا بشرطیکہ وہ سکول آپ کی داخلے کی درخواست قبول کر لے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ منصفانہ سلوک نہیں ہوا ہے یا نتیجہ غیرمعقول ہے تو آپ اپیل کر سکتے ہیں۔ سیکنڈری سکول کے پرنسپل کو تحریری اپیل دی جانی چاہیئے۔

## سیکشن D

**اگر آپ نے تعلیمی لحاظ سے سیلیکٹیو سکول کیلئے درخواست دی ہے** تو براہ مہربانی اس فارم کے **سیکشن D** میں خانے کو ٹک کریں اور اس امکان کے پیش نظر **سیکشن C** ،B یا **سیکشن E** مکمل کریں کہ شاید آپ کے بچے کو سیلیکٹیو سکول میں داخلہ نہ ملے۔

## سیکشن E

**اگر آپ کو کسی گورنمنٹ سکول میں داخلہ درکار نہیں ہے تو براہ مہربانی سیکشن E مکمل کریں۔**

**سیکشن E** مکمل کرنے پر NSW گورنمنٹ سکول Year 7 میں آپ کے بچے کے داخلے سے متعلق کام مکمل طور پر روک دیتے ہیں۔



NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

# اظہار دلچسپی (Expression of Interest)

## NSW گورنمنٹ سکول میں Year 7 میں داخلہ

## Placement in Year 7 in a NSW Government school.

براہ مہربانی یہ فارم انگلش میں مکمل کریں

SRN

صرف دفتر کے استعمال کیلئے (والدین/نگران مکمل نہ کریں) (Office use only)

### (A. Student Information) A – طالبعلم کی تفصیلات

نام کا آخری حصہ
Family name

نام کا پہلا حصہ
First given name

Middle نیم (دوسرا نام/دوسرے نام)
Middle (other) name/s

جنس
Gender

لڑکا
Male

لڑکی
Female

تاریخ پیدائش
Date of birth

دن / مہینہ / سال

Residential address *(1 High Street, Sydney, NSW, 2000* جیسے) رہائشی پتہ

والد یا والدہ/سرپرست کا نام
Name of parent/carer

فون نمبر (موبائل)
Phone number *(mobile)*

فون نمبر (کام)
Phone number *(home)*

فون نمبر (گھر)
Phone number *(work)*

ای میل ایڈریس
Email address

(Student's current primary school) طالبعلم کا موجودہ پرائمری سکول

**(Declaration) اقرار نامہ**

میں اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ اس اظہار دلچسپی میں دی گئ معلومات میرے علم اور یقین کے مطابق درست اور مکمل ہیں۔
مجھے علم ہے کہ اگر اس درخواست میں دیے گئے بیانات بعد میں غلط یا گمراہ کن ثابت ہوئے تو اس درخواست پر کیا گیا کوئی بھی فیصلہ بدلا جا سکتا ہے۔ مجھے پتہ ہے کہ داخلے کی اس کارروائی کے بعد ہونے والے داخلوں کا انحصار *NSW* گورنمنٹ سکول میں داخلے کی درخواست *(Application to Enrol in a NSW Government School)* پر غور اور اس کی منظوری پر ہے۔

(Signature of parent/carer) والد یا والدہ/سرپرست کے دستخط

(Print name) (بڑے انگریزی حروف میں) نام

(Date) تاریخ

دن / مہینہ / سال

### (B. Placement at your local government school) B – آپ کے مقامی گورنمنٹ سکول میں داخلہ

(Your local school) آپ کا مقامی سکول

اگر آپ اپنے بچے کو اپنے علاقے کیلئے مخصوص سکول میں بھیجنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی درج ذیل حصے پر دستخط کر دیں۔

(Signature of parent/carer) والد یا والدہ/سرپرست کے دستخط

تاریخ
(Date)

دن / مہینہ / سال

اگر آپ نے اوپر دستخط کیے ہیں اور آپ اپنے بچے کو **صرف** اس سکول میں بھیجنا چاہتے ہیں تو اب آپ فارم مکمل کر چکے ہیں۔

## C – دوسرے گورنمنٹ سکولوں میں داخلے کیلئے ملحوظ رکھا جائے
## C. Consideration to be given to placement at other government schools

**اگر آپ کی ترجیح یہ ہے کہ آپ کا بچہ کسی غیر مقامی سکول میں پڑھے تو آپ زیادہ سے زیادہ تین ترجیحات لکھ سکتے ہیں۔ آپ انہیں شامل کر سکتے ہیں:**

- **سپیشلسٹ گورنمنٹ سکول۔** براہ مہربانی متوجہ ہوں کہ اگر آپ اپنے بچے کو کسی سپیشلسٹ سکول میں داخلے کے لیے زیرغور رکھوانا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنے پرائمری سکول کے پرنسپل سے مدد لینے کی ترغیب دی جاتی ہے۔
- تعلیم اور مدد کی اضافی ضروریات رکھنے والے طالبعلموں کے لیے موزوں **امدادی کلاسیں** فراہم کرنے والا سکول۔ براہ مہربانی متوجہ ہوں کہ داخلوں کا پینل اس پر کام کرتا ہے۔ **اگر آپ اپنے بچے کو امدادی کلاس میں داخلے کے لیے زیرغور رکھوانا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنے پرائمری سکول کے پرنسپل سے مدد لینی چاہیے۔**
- کوئی اور **غیر مقامی** گورنمنٹ سکول۔ براہ مہربانی اس صفحے کے آخر میں (اور اگر ضرورت ہو تو صفحہ 7 پر) غیر مقامی داخلہ/داخلے طلب کرنے کے لیے اپنی وجوہ بتائیں۔

میں اپنے بچے کو مندرجہ ذیل گورنمنٹ سکولوں میں داخل کرانا چاہتا/چاہتی ہوں:

| | |
|---|---|
| ترجیح 1 سکول<br>Choice 1 school | |
| ترجیح 2 سکول<br>Choice 2 school | |
| ترجیح 3 سکول<br>Choice 3 school | |

مجھے پتہ ہے کہ اگر میرے بچے کو اوپر درج سکولوں میں سے کسی سکول میں داخلہ نہ ملا تو اسے حصہ B میں درج مخصوص مقامی سکول میں داخلہ مل جائے گا۔

والد یا والدہ/سرپرست کے دستخط (Signature of parent/carer)

تاریخ (Date) ☐☐/☐☐/☐☐☐☐
دن مہینہ سال

## صرف پرائمری سکول کے پرنسپل کیلئے (Primary school principal use only)

Primary school principals may wish to include comments to assist secondary school principals make placement decisions. These comments should refer to the reasons given by parents and carers.

Signature of primary school principal

Date ☐☐/☐☐/☐☐☐☐
*day* *month* *year*

**مندرجہ ذیل تفصیلات صرف اسی صورت میں مکمل کریں جب آپ اپنے علاقے سے باہر کے سکولوں میں داخلے کی درخواست دے رہے ہوں۔ سپیشلسٹ سکول یا امدادی کلاس میں درخواست دینے کیلئے آپ کو یہ حصہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔** اگر ضروری ہو تو آپ علاقے سے باہر کے سکولوں میں داخلے کی درخواست کی حمایت میں مزید معلومات ساتھ لگا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے صفحہ 2 اور صفحہ 3 دیکھیں۔

| | |
|---|---|
| ترجیح 1 سکول کا نام<br>Name of Choice 1 school | |

براہ مہربانی اس سکول میں داخلہ طلب کرنے کی وجوہ بیان کریں (داخلے کیلئے سکول کی مخصوص شرائط دیکھیں)۔

## (C. continued) (جاری ہے) – C

ترجیح 2 سکول کا نام
Name of Choice 2 school

براہ مہربانی اس سکول میں داخلہ طلب کرنے کی وجوہ بیان کریں (داخلے کیلئے سکول کی مخصوص شرائط دیکھیں)۔

ترجیح 3 سکول کا نام
Name of Choice 3 school

براہ مہربانی اس سکول میں داخلہ طلب کرنے کی وجوہ بیان کریں (داخلے کیلئے سکول کی مخصوص شرائط دیکھیں)۔

## (D. Academically selective school) تعلیمی لیاقت کی بنیاد پر طالبعلم منتخب کرنے والے سکول – D

☐ میں نے تعلیمی لیاقت کی بنیاد پر طالبعلم منتخب کرنے والے سکول میں درخواست دی ہے۔ میرا بچہ Selective High Schools ٹیسٹ دے گا۔
I have submitted an application for placement in an academically selective school. My child will be sitting for the Selective High Schools test.

براہ مہربانی یہ ذہن میں رکھتے ہوئے اس فارم کا حصہ *B*، حصہ *C* یا حصہ *E* بھی مکمل کریں کہ ہو سکتا ہے آپ کے بچے کو اس سکول/ان سکولوں میں داخلہ نہ ملے۔

## (E. Placement not required) داخلہ درکار نہیں – E

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا بچہ اگلے سال کسی NSW گورنمنٹ سکول میں داخلہ نہیں لینا چاہے گا۔ میں نے اس سبمشن کے متعلق اور ذاتی تفصیلات کے حصول کے متعلق معلومات پڑھ اور سمجھ لی ہیں۔ میرا بچہ اس سکول میں پڑھے گا۔*

I confirm that my child will not be seeking placement at a NSW Government school next year. I have read and understood the information about this submission including the collection of personal information. My child will be attending the following school.*

**(Signature of parent/carer) والد یا والدہ/سرپرست کے دستخط**

**تاریخ (Date)** ___ ___ / ___ ___ / ___ ___ ___ ___
دن مہینہ سال

*یہ تفصیلات مہیا کرنا لازمی نہیں ہے لیکن معلومات دینے پر ہم آپ کے شکر گزار ہوں گے۔

اس وقت کسی گورنمنٹ پرائمری سکول میں داخل طالبعلموں کے سلسلے میں، براہ مہربانی یہ فارم اپنے بچے کے پرائمری سکول کو لوٹائیں۔ جو طالبعلم کسی گورنمنٹ پرائمری سکول میں نہیں پڑھ رہے ہیں، ان کیلئے یہ فارم اس گورنمنٹ سیکنڈری سکول کو لوٹائیں جو داخلے کیلئے آپ کی پہلی ترجیح ہے۔ یہ ضروری ہے کہ تمام اظہار دلچسپی فارم مقرّہ تاریخ پر یا اس سے پہلے لوٹائے جائیں۔

### اخفائے راز کا اقرار (Privacy Statement)

اس فارم بعنوان ‹اظہارِ دلچسپی – NSW گورنمنٹ سکول میں Year 7 میں داخلہ› میں دی گئی ذاتی معلومات NSW گورنمنٹ سکول میںYear 7 میں داخلے کی درخواستوں کے انتظامی مقصد سے اکٹھی کی جا رہی ہیں۔ NSW Department of Education (Department) کو دی جانے والی تمام معلومات کو NSW کے پرائیویسی کے قوانین کے مطابق استعمال اور منکشف کیا جائے گا اور محفوظ رکھا جائے گا۔

Department کو بعض معلومات اپنا نگہداشت کا فریضہ اور صحت عامّہ، تعلیم اور بچوں کے تحفظ کے قوانین کے تحت دوسرے قانونی فرائض پورے کرنے، اور کامن ویلتھ – سٹیٹ کے فنڈنگ کے معاہدوں کے تحت ڈاٹا کے حصول اور رپورٹنگ کے تقاضے پورے کرنے کے لیے درکار ہیں۔ ان میں طالبعلموں کے نتائج کا جائزہ اور اسیمسنٹ شامل ہیں۔

مندرجہ بالا مقاصد سے اور قانون کی اجازت یا حکم کے تحت مطلوب معلومات NSW سٹیٹ گورنمنٹ اور کامن ویلتھ گورنمنٹ کو دی جا سکتی ہیں۔

معلومات کو ایک سیکیور الیکٹرانک ڈیٹابیس میں رکھا جائے گا۔ آپ اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کر کے یہ معلومات دیکھ سکتے ہیں یا ان میں درستگی کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اکٹھی کی گئی معلومات کے متعلق یا ان کے استعمال یا انکشاف کے متعلق کوئی تشویش یا شکایت ہو تو آپ کو سکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔

اگر آپ مانگی گئی کچھ معلومات نہ دینے کا انتخاب کریں تو اس سے آپ کے بچے کے داخلے، سکول کے لیے وسائل مہیا کرنے یا آپ کے بچے کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے پر برا اثر پڑ سکتا ہے۔

اپنے بچے کے NSW گورنمنٹ سکول میں داخل ہونے کے دوران معلومات کے حصول کے متعلق اور ہماری طرف سے آپ کی پرائیویسی کے تحفظ کے متعلق مزید معلومات Department کی ویب سائیٹ پر اور آپ کے سکول سے دستیاب ہیں۔ آپ Department کے پرائیویسی کلیکشن نوٹس کی کاپی https://education.nsw.gov.au/content/dam/main-education/about-us/rights-and-accountability/media/documents/privacy/collection-notice.pdf سے لے سکتے ہیں۔



ہم تمام ایبوریجنل لوگوں کے وطنوں کو تسلیم کرتے ہیں اور دھرتی کو سلام پیش کرتے ہیں۔

**Say hello**

@NSWDepartmentofEducation

@NSWEducation

@NSWEducation

education.nsw.gov.au

© 2023 NSW Department of Education

GPO Box 33, Sydney NSW 2001 Australia

Phone: 1300 679 332